21-04-2024 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاستی الیکشن کمیشن لوک سبھا چناؤ سے پہلے پوسٹل بیلٹ کے ذریعہ ووٹنگ کے عمل کی تیاریاں کررہا ہے۔

۲۔وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی آج شام بھونگیر میں کانگریس امیدوار کی تائید میں روڈ شو کررہے ہیں۔

۳۔تلنگانہ بی جے پی کے صدر جی کشن ریڈی نے پارٹی کے منشور کا تلگو ترجمہ جاری کیا ہے جس کا عنوان منا مودی گیارنٹی 2024 ہے۔

اور

۴۔تلنگانہ انٹرمیڈیٹ نتیجے اس مہینہ کی 24 تاریخ کو جاری کئے جائیں گے۔

☆☆☆

بی آر ایس بھی اپنی انتخابی مہم تیز کررہی ہے۔ پارٹی کے صدر کے چندر شیکھر راؤ چہارشنبہ سے اپنے روڈ شو شروع کریں گے۔ کے سی آر نے کریم نگر، چیوڑلہ اور میدک میں جلسوں سے خطاب کیا ہے۔ وہ اس مہینہ کی 24 تاریخ کو مریال گوڑہ سے بس یاترا نکالیں گے۔ چندر شیکھر راؤ اپنی بس یاترا کے دوران ہر حلقہ میں تین چار جگہ روڈ شوز کریں گے۔ بس یاترا 10 مئی کو سدی پیٹ میں ختم ہوگی۔

☆☆☆

ریاستی الیکشن کمیشن لوک سبھا چناؤ سے پہلے پوسٹل بیلٹ کے عمل کی تیاری کررہا ہے۔ یہ فیصلہ کیا گیا کہ ووٹنگ کی تاریخ سے چار دن پہلے پوسٹل بیلٹ کا عمل پورا کرلیا جائے۔ الیکشن کمیشن نے انتخابی ڈیوٹی انجام دینے والے ملازمین، مرکزی خدمات میں کام کرنے والے اسٹاف، معذوروں اور 85 سال سے زیادہ عمر کے بزرگوں سے کہا ہے کہ وہ پوسٹل بیلٹ کے ذریعہ اپنے حق کا استعمال کریں۔ عہدیداروں نے فیصلہ کیا ہے کہ تمام ضلعوں میں پوسٹل بیلٹ پیپر چھاپے جائیں۔ عہدیداروں کا اندازہ ہے کہ لوک سبھا چناؤ کے لئے تقریباً 13 لاکھ پوسٹل بیلٹ پیپر چھاپے جائیں گے۔ ریاست میں فی الحال تقریباً ساڑھے چار لاکھ لوگ ایسے ہیں جن کی عمر 85 سے زیادہ ہے۔ تقریباً پانچ لاکھ معذور ووٹرس ہیں۔ انتخابی ڈیوٹی میں قریب دو لاکھ 60 ہزار ملازمین مصروف ہوں گے۔ ریاست کے پندرہ ہزار سے زیادہ لوگ دوسری ریاستوں میں ڈیوٹی انجام دے رہے ہیں۔ پوسٹل بیلٹ انہیں رجسٹرڈ پوسٹ کے ذریعہ بھیجا جائے گا۔ معذوروں اور بزرگ شہریوں کو 12D درخواست فارم بھرنا ہوگا اور ریٹرننگ آفیسر کو پیش کرنا ہوگا۔

☆☆☆

تلگو دیشم پارٹی کے صدر این چندرا بابو نائیڈو نے آج 161 امیدواروں کو نامزدگیوں کے فارمس حوالے کئے تاکہ وہ آندھرا پردیش میں 13 مئی کو لوک سبھا اور اسمبلی چناؤ میں پارٹی کی نمائندگی کرسکیں۔ چندرا بابو نائیڈو اندا ولی رہائش گاہ پر ہونے والی ایک تقریب میں چندرا بابو نائیڈو نے 141 ایم ایل اے اور 17 ایم پی امیدواروں کو بی فارم حوالے کئے۔ چندرا بابو نائیڈو آج پانچ اسمبلی حلقوں میں امیدوار بدل دئے۔ جن میں مداکسیرا، ونڈی، پادیرو، وینکٹ گیری اور مدوگولا شامل ہیں۔ تلگو دیشم، بی جے پی اور جنا سینا ایک سمجھوتے کے تحت مل کر چناؤ لڑ رہے ہیں۔ تلگو دیشم پارٹی کو 141 اسمبلی اور 17 لوک سبھا سیٹیں دی گئی ہیں، جبکہ بی جے پی 6 لوک سبھا اور 10 اسمبلی سیٹوں پر مقابلہ کرے گی۔ جنا سینا لوک سبھا کی دو اور اسمبلی کی 21 سیٹوں سے امیدوار کھڑا کرے گی۔

☆☆☆

تلنگانہ بی جے پی کے صدر جی کشن ریڈی نے پارٹی کے سینئر لیڈر راور راجیہ سبھا رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر کے لکشمن کے ساتھ آج پارٹی کے منشور کا تلگو ترجمہ جاری کیا جس کا عنوان منا مودی گیارنٹی 2024 ہے۔ اِس منشور میں 14 اہم باتیں شامل کی گئی ہیں جن میں تین کروڑ گھر، پائپ کے

ذریعہ پکوان گیس، بیس لاکھ روپے مدرا قرض، ایم ایس پی پر نظر ثانی اور ضرورتمندوں کو مزید پانچ سال کے لئے مفت راشن شامل ہیں۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کشن ریڈی نے عوام کو یقین دلایا کہ پارٹی نوجوانوں، عورتوں، غریبوں اور کسانوں کو اوپر اٹھائے گی جنہیں محروم اور پیچھے کردیا گیا تھا۔انہوں نے کسانوں کو یقین دلایا کہ ملک کو موٹے اناج کا مرکز بنایا جائے گا اور فصل بیمہ پر اثر انداز طریقہ سے عمل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سب غریبوں کو معیاری تعلیم ،صحت ، پکے مکانات اور مفت راشن دئے جائیں گے۔ بی جے پی کے منشور کو عوامی منشور قرار دیتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ مودی کی گیارنٹی کا مطلب ہر حالت میں عمل آوری ہے۔انہوں نے کہا کہ بی جے پی 2047ء تک ملک کو ترقی یافتہ بنانے کی پابند ہیں۔انہوں نے کہا کہ پرچوں کا افشاء وغیرہ کو روکنے کے لئے سخت قدم اٹھائے جائیں گے اور ملک کو خدمات کے شعبہ کا مرکز بنایا جائے گا۔ دہلی میں پارٹی کے بڑے لیڈرس نے کچھ دن پہلے منشور جاری کیا تھا اور آج تلگو ترجمہ جاری کیا گیا ہے۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر لکشمن نے کہا کہ بی جے پی کا سنکلپ پتر وکست بھارت کا اظہار ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام یو پی اے حکومت اور اس کے کرپشن کو دیکھ چکے ہیں۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ کانگریس کا نیائے پتر انگریزوں کی پالیسی کا اظہار ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ میں انٹرمیڈیٹ امتحانات کے نتیجے اس مہینہ کی 24 تاریخ کو جاری کئے جائیں گے۔محکمہ تعلیم کے ذرائع نے بتایا کہ اس دن گیارہ بجے دن نتیجے جاری کئے جائیں گے۔عہدیدار پہلے اور دوسرے سال کے نتیجے ایک ساتھ جاری کریں گے۔ چونکہ ریاست میں انتخابی ضابطہ اخلاق لاگو ہے اسی لئے الیکشن کمیشن کی منظوری سے عہدیدار نتیجے جاری کریں گے۔اس دوران ایس ایس سی کے نتیجہ اس مہینہ کی 30 تاریخ یا اگلے مہینہ کی پہلی تاریخ کو جاری کئے جائیں گے۔دسویں جماعت کے پرچوں کی جانچ کل پوری ہوگئی۔

☆☆☆

مرکزی وزیر اور بی جے پی کے سینئر لیڈر کرن رججو کل محبوب نگر اور نلگنڈہ میں بی جے پی امیدواروں کی تائید میں انتخابی ریالی میں حصہ لیں گے۔ بی جے پی کے ریاستی جنرل سکریٹری پریمندر ریڈی نے بتایا کہ وہ کل ان حلقوں میں نامزدگیاں داخل کرنے کے عمل میں حصہ لیں گے۔ایک اور مرکزی وزیر اور بی جے پی کے سینئر لیڈر پیوش گوئل بھی کل نامزدگیاں داخل کرنے سے پہلے ظہیر آباد اور چیوڑلہ میں انتخابی ریالیوں میں شرکت کریں گے۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی لوک سبھا چناؤ میں کانگریس امیدواروں کے لئے سرگرمی سے مہم چلا رہے ہیں۔ ریونت ریڈی محبوب نگر، محبوب آباد اور میدک امیدواروں کے لئے مہم چلا چکے ہیں۔آج شام وہ بھونگیر پارلیمانی حلقہ میں مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔ وہ بھونگیر میں حیدرآباد چوراستہ سے ونائک چوراستہ تک روڈ شو کررہے ہیں۔ ریاستی وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی، اتم کمار ریڈی، انتخابی انچارج کومٹی ریڈی راج گوپال اور دوسرے لیڈرس بھی ریونت ریڈی کی مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔

☆☆☆

تلنگانہ میں پہلے تین دن میں 164 نامزدگیاں داخل کی گئی ہیں۔آج اتوار کی تعطیل تھی اور کوئی نامزدگی داخل نہیں ہوئی۔ نامزدگیاں داخل کرنے کا عمل کل پھر سے شروع ہوگا۔نامزدگیاں داخل کرنے کی آخری تاریخ اس مہینہ کی 25 ہے۔ جانچ 20 تاریخ کو ہوگی اور اس مہینہ کی 29 تاریخ کو نام واپس لئے جاسکتے ہیں۔

☆☆☆

نلگنڈہ لوک سبھا حلقہ جو آندھرا پردیش کی سرحد پر نلگنڈہ اور سوریہ پیٹ ضلعوں پر پھیلا ہوا ہے۔ نلگنڈہ، دیورکنڈہ، ناگرجنا ساگر، مریال گوڑہ، حضور نگر، کوداڑ اور سوریہ پیٹ اسمبلی حلقوں پر مشتمل ہے۔ نلگنڈہ لوک سبھا حلقوں میں 70 لاکھ سے زیادہ ووٹرس ہیں جن میں 60 ہزار سے زیادہ نئے ووٹرس ہیں۔ انتخابات کے لئے دو ہزار سے زیادہ پولنگ اسٹیشن قائم کئے گئے ہیں۔ نلگنڈہ حلقہ میں جی سکھیند رریڈی اکیلے ایسے امیدوار ہیں جنہوں نے اس حلقہ سے تین مرتبہ کامیابی حاصل کی ہے۔ پچھلے چناؤ میں کانگریس امیدوار اتم کمار ریڈی نے یہ سیٹ جیتی تھی۔ بعد میں اتم کمار ریڈی پچھلے سال کے اسمبلی چناؤ میں حضور نگر سے ریاستی اسمبلی کے لئے چنے گئے ہیں اور وہ وزیر کی حیثیت سے ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔ موجودہ لوک سبھا چناؤ میں سابق وزیر جانا ریڈی کے بیٹے کے رگھو ویر ریڈی کانگریس امیدوار کے طور پر مقابلہ کر رہے ہیں جبکہ کانچرلا کرشنا ریڈی بی آر ایس کی طرف سے میدان میں ہیں۔ پچھلے چناؤ میں شکست کھانے والے ایس سائیدی ریڈی جو بی جے پی میں شامل ہوئے تھے، اس پارٹی کے ٹکٹ پر چناؤ لڑ رہے ہیں۔ کانگریس اور بی آر ایس دونوں کے امیدوار نلگنڈہ نشست کے لئے نئے ہے اس لئے یہ مقابلہ بہت دلچسپ ہو گیا ہے۔ بڑی پارٹیاں تینوں امیدواوں نے اپنے مہم تیز کر دی ہے۔

☆☆☆

میدک کے بی جے پی امیدوار رگھونندن راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے سوال کیا ہے کہ اگست کے مہینہ میں کسان قرض معافی کے درمیان کیا تعلق ہے۔ آج صحافیوں سے ملاقات میں انہوں نے حکومت بننے کے سو دن بعد بھی اسمبلی چناؤ میں کئے گئے وعدوں پر عمل نہ کرنے کے لئے کانگریس پر تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس کو اپنے وعدے بھلا دینے کی عادت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوباک میں ترقی کے بارے میں ایک کتاب لکھی ہے۔

☆☆☆

ورنگل ضلع میں اب تک 505 کسانوں سے 3 ہزار 131 میٹرک ٹن دھان خریدگئی ہے۔ ضلع کلکٹر پراوینیا نے بتایا کہ ضلع میں 207 دھان کی خریدی کے مرکز ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے وقت بارش سے نمٹنے کے لئے تمام مراکز پر مناسب تارپولین دستیاب ہیں۔

☆☆☆

ایم آر پی ایس کے قومی صدر مندا کرشنا مادیگا نے کہا ہے کہ یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے درجہ فہرست ذاتوں کی زمرہ بندی کا یقین دلایا ہے۔ محبوب نگر میں بی جے پی امیدوار ڈی کے ارونا کی تائید میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی جے پی کے ساتھ ہی مادیگا طبقہ کی سیاسی مستقبل ممکن ہے۔